کراچی ... (اپ پ) حکومت جاپان نے پاکستان کو دو کروڑ امریکی ڈالر کا قرضہ دینے کی منظوری دی ہے۔ ... اس امر کا انکشاف جاپان کے ... نے آج یہاں اخبار نویسوں سے باتیں کرتے ہوئے کیا۔ ... یہ قرضہ ... کے ذریعے پاکستان کو مہیا کیا جائے گا۔ ...

ڈنمارک میں پاکستانی بچے سمگل کیے جا رہے ہیں

تیرہ سے پندرہ سال تک کے متعدد بچے ڈنمارک میں غیر قانونی طور پر کام کر رہے ہیں

کوپن ہیگن ... ڈنمارک کی پولیس ... اس دعوے کی تحقیقات کر رہی ہے ... پاکستانی بچوں کو ... سمگل ... ڈنمارک میں داخل ہو چکے ہیں ... پولیس ... تحقیقات کر رہی ہے ...

پاکستان کی بقا کو خطرہ ہے تو ہمیں حوصلہ و عزم اور خود اعتمادی کے ساتھ صورت حال کا مقابلہ کرنا چاہیئے

ہمیں اپنے وسائل مطلوبہ ہتھیاروں کے حصول پر خرچ کرنے چاہئیں: چودھری محمد علی

...

کوئٹہ میں آئندہ سال تک رنگین ٹیلی ویژن سٹیشن کا قیام عمل میں آ جائے گا

بلوچستان اور سرحد میں پبلسٹی کے فروغ کی تنظیم چند ماہ تک کام شروع کر دے گی

ٹیلی ویژن سٹیشنوں کی اندرون ملک سمگلنگ کے لیے بعض ممالک سے بات چیت

...

بلوچستان کے متعلق وزیر اعظم کے فیصلے کا خیر مقدم

...

نیرنگِ خیال

دیوانے کی ڈائری کا ایک ورق

[illegible]

دکھاتا کون ہے داغ جو سینے میں تھا
[illegible]

دل کی تمام خواہشات کو کچل کر ارمانوں کو دبا کر میں نے سوچا کیوں نہ میں ایک خول میں بند ہو کر محدود ہو جاؤں۔ اور پھر میں نے دنیا کی رنگین فضاؤں سے اپنے وجود کو چھڑا کر تنہائیوں کو گلے لگا لیا [illegible]

مگر چند دنوں بعد میری طبیعت اس ماحول کو مزید اپنانے پر راضی نہ ہوئی اور میں نے راہِ فرار اختیار کر کے اپنے آپ کو آزاد کر لیا۔ دنیا کی رونق چہل پہل اور روشنی کی کرنیں میرے دل کو جھنجھوڑنے لگیں اور میں پھر سے اسی ماحول میں تھا جہاں گویا غم نام کو نہ تھا اور خوشیوں کے فوارے پھوٹتے ہوں۔ ہر طرح کے لوگ تھے، مختلف قسم کی بولیاں سننے میں آئیں۔ میں یونہی گھومتا پھرتا رہا اور اپنے ماحول میں مگن تھا کہ ایک دن اچانک احساس ہوا کہ چند آوازیں مسلسل میرا پیچھا کر رہی ہیں۔ پہلے تو میں نے کچھ خیال ہی نہیں کیا مگر رفتہ رفتہ یہ آوازیں میری زندگی، میرے حال اور میرے ماضی کا جزو بنتی چلی گئیں۔ پھر میں نے سوچا کیوں نہ ان آوازوں کو پہچان لوں کہ یہ کیا ہیں۔ اور مجھے یہ نکالتی ——

چور، بدمعاش، آوارہ، کمینہ، لوفر، بُرا۔ میں حیران پریشان کہ یہ کیا ہے، کس لیے ہے، کس کے لیے ہے؟ میں نے اپنا تجزیہ کیا لیکن مجھے اپنے وجود میں ایسی کوئی چیز نظر نہ آئی۔

بڑی تلاش کے بعد مجھے معاشرے میں ایسے لوگوں کا ایک گروہ نظر آیا جو تنقید کو اپنا پیشہ بنائے ہوئے تھے۔ ان کا کام صرف یہ تھا کہ دوسروں کے عیب اور غلطیاں ڈھونڈیں اور انہیں نشر کریں۔ یہ دراصل وہ لوگ تھے جو اپنی برائیوں سے دوسروں کی نظروں کو ہٹانے کی خاطر لوگوں کی توجہ دوسروں کے عیبوں پر ڈالنا اپنا پیدائشی حق سمجھتے تھے۔ اور میں یہ سوچنے پر مجبور ہو گیا کہ

"کاش دنیا میں کسی شے کا کوئی نام نہ ہوتا"

اگر کسی انسان کا ذہن گندہ ہے تو کیوں نہ اسے غسل دے کر صاف کر دیا جائے۔ اگر کسی کا ہاتھ میلا ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہم ہاتھ کاٹ دیں۔ اگر اس کو خود احساس نہیں ہے تو آئیے ہم احساس دلائیں ——

بہرحال میں نے پھر سوچا کیوں نہ دوبارہ خول میں بند ہو کر محدود ہو جاؤں اور تنہائیوں کو گلے لگا لوں! مگر دل نے یہ کہہ کر خاموش کر دیا کہ

[illegible]

[illegible] جانتا ہوں کہ مقدر ہے [illegible]
(ناظر کاظمی)

اگر [illegible] ہے دنیا
بڑے عذاب میں گزری ہے آج کی ساعت
(صبا اختر)

[illegible]

[illegible]

ا[illegible] کو دیدہ و [illegible] کر مجھ [illegible] | [illegible]
[illegible] | [illegible]
[illegible] | [illegible]
[illegible] | [illegible]
[illegible] | [illegible] ہے
[illegible] | [illegible] ہے
ترنم، ترنم، تبسم، تبسم | جمال و جوانی کا [illegible] رواں ہے
جواں آرزوئیں، جواں عشق و مستی | ہوس ہے جواں [illegible] عریاں جواں ہے
تقاضائے عشرت، شبستاں شبستاں | تماشائے خوباں جہاں در جہاں ہے
پھر اصنامِ یوناں کے جلوے ہیں رقصاں | در دلبراں ہے سرِ عاشقاں ہے
نگار و قمار و مئے و رقص و نغمہ | یہی مسلکِ مغربی دختراں ہے
تصنع، تصنع، بناوٹ، بناوٹ | محبت کی اک خواہش کی ترجماں ہے
پرستارِ نفسانیت پیرو برنا | لبوں پر گناہوں کے بھی الاماں ہے
رخِ آتشیں پر ہیں زلفیں پیچاں | یہ شرم و حیا کی چتا کا دھواں ہے

نگاہیں بھی کافر ادائیں بھی کافر
وہ کافر مسلماں پہ مہرباں ہے

نہ بہکیں قدم اے مسافر سنبھلنا | کہ طوفاں ہے اور دل ترا ناتواں ہے
سبھی منتظر ہیں، پتنگ منتظر ہیں | سلامت جو نکلے وہی کامراں ہے
صلائے تماشہ، تماشائے خوباں | ترے عشق کردار کا امتحاں ہے
سمجھنا نہ شیشے کو الماس ہرگز | چمک اس کی نیرنگِ بازی گراں ہے
یہ ہے جامِ رنگیں مگر زہر آگیں | ہے ساقی مگر رہزنِ میکشاں ہے
وہ گلچیں جو گلشن کو ویراں کر دے | وہ بجلی جو سوزندۂ آشیاں ہے
ترا دل مسلماں نہ نظریں مسلماں | کہ کعبہ کا عشق بتاں پاسباں ہے
ہو بیدار اے کاش تیری خودی بھی | کہ مشرق میں موجود گنجِ گراں ہے
زنِ مشرقی نازشِ حسن و فطرت | سپہرِ تقدس کی وہ کہکشاں ہے
شرف کو شرف اس کی عظمت کا حاصل | وہ عصمت کے فردوس کی باغباں ہے
محبت کی وحدت پہ ایمان اس کا | وفا اس کی تقدیرِ کون و مکاں ہے
ریاکاریوں کے لیے برقِ سوزاں | خلوص و صداقت کا بحرِ رواں ہے
[illegible] | [illegible]
[illegible] | [illegible]

[illegible]
[illegible]

//

[illegible]

[illegible]

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
میری تاریخ [illegible]
[illegible]

نکھر تا جائے گا یونہی ترا کردار اے باقی
نشاطِ زندگی وقفِ غم و آلام رہنے دے

غزل
(ہندوستانی کانگریسیوں کے نام)

افضل امام (اورنگ آباد)

دامن پہ کوئی داغ نہ خنجر پہ کوئی چھینٹ
تم قتل کرو ہو کہ کرامات کرو ہو

حق مانگا ہے میں نے جو کبھی اہلِ چمن سے
منہ پھیر کے بولے ہے عجب بات کرو ہو

اس طرح سے مارو نہ کہ مر مر کے جئیں ہم
تم ظلم کرو ہو کہ عنایات کرو ہو

تم ہی نے تو لوٹا ہے جلایا ہے نشیمن
کہتا ہوں تو بولے ہے شکایات کرو ہو

یہ کیسی قیامت ہے کہ اب تم بھی کہو ہو
ہر موڑ پہ تم ہی تو فسادات کرو ہو

اب میری دعاؤں کی گرہ کھول دو افضل
دشمن کی طرح تم تو ملاقات کرو ہو

اتحاد

نذیر حسین عقیدت (اورنگ آباد)

جو مل گئے گلے سے دن آ گئے بھلے سے
جو چاک تھے گریباں وہ آج ہیں سِلے سے

جس کو خزاں نے روندا تھا دشمن نے جس کو ڈھایا
اس شاخ پر دوبارہ کچھ پھول ہیں کھلے سے

[illegible]
[illegible] کے بعد ہی کچھ اور [illegible]

[illegible]
[illegible]

[illegible]
[illegible]

//



آج کل ڈائیٹنگ کا بہت زور ہے جس کو دیکھو وہ دُبلا ہونے کی کوشش کر رہا ہے لیکن یہ شوق خاصا خطرناک ہے۔ بغیر ڈاکٹری ہدایت کے یہ قدم اٹھایا جائے تو جسم کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ خوراک سے کم کھانا منفی علاج ہے اس لئے اس علاج کے دوران ڈاکٹری توجہ کی ضرورت رہتی ہے۔ ڈائیٹنگ کوئی جادو نہیں جو کچھ روز بھوکا رہنے سے یا بہت کم کھانے سے جسم ہمیشہ کے لئے دُبلا ہو جائے۔ آج اس موضوع پر سینکڑوں کتابیں اور آرٹیکل لکھے جا رہے ہیں۔ کوئی کہتا ہے کہ گھی کھانا قطعی بند کر دو۔ کوئی مشورہ دیتا ہے کہ چینی کا استعمال اپنے اوپر ممنوع قرار دے لو تو کوئی روٹی اور آلو سے پرہیز کرنے کی صلاح دیتا ہے۔ کئی طرح کی دواؤں کے اشتہار بھی اخبارات میں آتے ہیں کہ ہماری دوا کے استعمال سے ایک ہی مہینے میں بدن چھریرا ہو جاتا ہے۔ ایسی اشتہار بازی خطرناک ہے۔ نہ ایسی کوئی دوا ہے اور نہ کوئی ایسی خوراک ہے جس سے آپ مہینے دو مہینے میں دُبلی اور پتلی ہو جائیں اور ہمیشہ ایسی ہی رہیں۔

یہ بھی مشہور ہے کہ گریپ فروٹ (جو میٹھا سے بڑا اور چکوترے سے چھوٹا ہوتا ہے) بدن کی چربی کو گھُلا دیتا ہے۔ مگر یہ درست نہیں۔ دراصل کوئی ایک شے چربی کو نہیں گھلاتی، اور نہ کوئی ایک چیز چربی کو بڑھاتی ہے۔ یہ بھی غلط ہے کہ گھی اور تیل کا استعمال چربی کو بڑھاتا ہے بدن میں چربی، پروٹین اور نشاستہ (یعنی کاربوہائیڈریٹ غذا سے بنتے ہیں، اور یہ سب چیزیں چربی بڑھاتی ہیں۔ اگر آپ روٹی کھانا کم کر دیں یا آلو کا استعمال بالکل بند کر دیں تو بدن میں وٹامن بی کی کمی ہو جائے گی اور اس سے آپ کی صحت پر برا اثر پڑے گا۔

مٹاپے کے سلسلے میں بنیادی مسئلہ غذائی حراروں یا کیلوریز کا ہے۔ کیلوری دراصل بدن کی حرارت کی اکائی ہے۔ ہر انسان کو ان کیلوریز کی ضرورت ہوتی ہے۔ عورتوں کو ۱۰۰۰ سے ۱۲۰۰ کیلوریز کی روزانہ درکار ہوتی ہیں۔ مردوں کو روزانہ ۱۶۰۰ کیلوریز چاہئیں، کیونکہ وہ عورتوں سے زیادہ محنت کرتے ہیں۔ یہ کیلوریز ایک انسان اپنی دن بھر کی غذا سے حاصل کرتا ہے اور دن بھر ہی انہیں صرف کر لیتا ہے یہاں ایک بات قابل غور ہے اگر آپ بدن بھر میں ۲۰۰۰ کیلوریز پیدا کرنے والی غذا کھائیں اور ان کو محنت اور کام سے صرف نہ کریں تو یہ فالتو کیلوریز مٹاپا بڑھاتی ہیں آپ نے دیکھا ہوگا کہ مزدور عورتیں سخت جسمانی مشقت کرنے والی عورتیں، خواہ وہ کیسی ہی غذا کھائیں، موٹی نہیں ہوتیں۔ اس کا صاف مطلب یہی ہے کہ ان کی غذا جتنی کیلوریز بناتی ہے، انہیں وہ پوری طرح صرف کر لیتی ہیں۔ ان کے برعکس بے کار رہنے والی عورتیں جلد موٹی ہو جاتی ہیں، خاص طور پر جب ان کی غذا اچھی ہو۔

دُبلا ہونے کے لئے فاقے کرنا کوئی زیادہ مفید بات نہیں۔ اگر آپ کو غذا کم کرنا ہی ہے تو بہتر یہ ہوگا کہ تمام کھانا کم کر دیں۔ یعنی ہر وقت کے کھانے کی مقدار کچھ گھٹا دیں۔ یہ کمی بہت معمولی ہونا چاہئے تاکہ جسم کو گراں نہ گزرے مثلاً دو روٹی کی جگہ ڈیڑھ روٹی کھائیں۔ اس کے علاوہ ایک دو چیزیں یکسر چھوڑ دیں۔ مثلاً کھانے کے بعد آپ ربڑی یا برفی کھاتی ہیں تو اسے بالکل ترک کر دیں۔

دُبلا ہونے کی کوششوں میں سب سے بڑی دقت "بوریت" کی ہے۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ کچھ عورتیں اپنی پسندیدہ غذائیں بہت دن تک نہیں چھوڑ سکتیں۔ اور مہینے دو مہینے بعد بور ہو جاتی ہیں۔ یہ اکتاہٹ ڈائیٹنگ کے لئے مفید نہیں۔ اگر آپ نے اپنی روزانہ کی غذا میں ۲۰۰ کیلوریز کی بھی کمی کر دی تو چھ مہینے میں ضرور بہتر نتیجہ برآمد ہوگا۔ یہ یاد رکھئے کہ کسی ایک چیز میں مکمل غذائیت نہیں ہوتی۔ پچھلے زمانے میں اصلی گھی کو طاقت کا سرچشمہ سمجھا جاتا تھا یا فقط گیہوں کو طاقت کے لئے ضروری سمجھا جاتا تھا لیکن موجودہ سائنس نے یہ بات غلط ثابت کر دی ہے انسان کو گوشت، روٹی، پھل، انڈے، مکھن یعنی سب ہی کچھ کھانا چاہئے۔ البتہ مناسبت کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے۔ ان میں کوئی بھی چیز باقی چیزوں کا بدل نہیں ہو سکتی، خواہ وہ کتنی ہی زیادہ کیوں نہ کھائی جائے۔

آج کل بڑے بڑے شہروں میں ایسے کلینک کھل گئے ہیں جہاں مشینوں سے عورتوں کے جسم کی چربی گھلائی جاتی ہے۔ ایسی ورزشیں بھی ہیں جن سے کولہوں اور پیٹ کی چربی کم ہو جاتی ہے۔ لیکن یہاں ایک قباحت بھی ہے جہاں ان مشینوں کا سہارا ختم ہوتا ہے، بدن پھر بڑھنا شروع ہو جاتا ہے، جہاں ورزش بند کی، وہیں دبلے پن کی تلافی شروع ہو جاتی ہے۔ یہی حال ان عورتوں کا ہوتا ہے جو فاقے کر کے دُبلی ہونا چاہتی ہیں۔ جہاں فاقے بند کئے اور عام غذا کھانا شروع کی، وہی بدن پھر اپنی اصلی حالت میں آ گیا۔ بھلا تمام عمر تو کوئی فاقے کرنے سے رہا۔

مٹاپے کے سلسلے میں ... بدن پڑھتا ہے۔ اکثر عورتوں کو یہ شکایت رہتی ہے کہ وہ برسوں دبلی پتلی رہیں، لیکن اچانک موٹی ہونی شروع ہو گئیں۔ ایک خاتون اپنی شادی کے بیس سال بعد تک دبلی رہیں، اس کے بعد موٹی ہونی شروع ہو گئیں۔ اور دو سال ہی میں کافی موٹی ہو گئیں۔ ان کی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ آخر ایسا کیوں ہوا۔ ڈاکٹری تحقیقات کے بعد پتہ چلا کہ شروع کے بیس برس میں ان کے یہاں نوکر نہیں تھا اور وہ گھر کا سارا کام کاج خود کرتی تھیں۔ لیکن دو سال سے ان کے شوہر کا کاروبار کچھ چمک گیا تھا۔ اور گھر میں نوکر چاکر آ گئے تھے، جس کی وجہ سے گھر میں ان کو ضرورت سے زیادہ آرام ملنے لگا تھا۔ اس کے علاوہ غذا میں بھی کچھ چیزیں بڑھ گئی تھیں۔ مثلاً کھانے کے بعد مٹھائی کا استعمال شروع ہو گیا تھا اور کھانا بناسپتی کی بجائے اصلی گھی میں پکنے لگا تھا۔ مشکل یہ ہے کہ ہندو پاک میں دیسی گھی امارت کا نشان بن گیا ہے۔ شاید اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ اتنا مہنگا ہے کہ غریبوں کی پہنچ دور رہی متوسط طبقہ بھی اسے استعمال نہیں کر سکتا۔

ان خاتون کی مثال سے ظاہر ہو گیا کہ مٹاپا بہت جلدی نہیں چڑھتا اور جب یہ ثابت ہو گیا تو یہ بھی سمجھ لیجئے کہ اتنی جلدی مٹاپا ختم بھی نہیں ہو سکتا۔ دو سال کا پلا ہوا بدن دو دن میں دُبلا ہونے سے رہا۔ دُبلا ہونے کے لئے اسے دو سال نہیں تو کم از کم چھ مہینے ضرور درکار ہیں۔

جو غذا ہم روزمرہ کھاتے ہیں وہ تین مرحلوں سے گزرتی ہے۔ غذا ایک قسم کا ایندھن ہے جس سے جسم کا نظام چلتا ہے۔ غذا کا پہلا دور تو یہ ہے کہ معدہ اسے ہضم کرتا ہے اور اس سے گلوکوز بنتی ہے جو خون میں گرمی لاتی ہے۔ غذا کے دوسرے دور میں ایک اہم چیز بنتی ہے جسے گلائی کوجن (   ) کہتے ہیں، اور تیسرے دور میں چکنائی بنتی ہے جو چربی کی شکل میں تہہ در تہہ پیٹ اور کولہوں پر جم جاتی ہے۔ غذا کا یہ سب سے آخری اور منحوس کام ہے۔ یہ کہنا غلط ہے کہ صرف چکنی خوراک ہی چربی پیدا کرتی ہے۔ چکنائی کے علاوہ پروٹین اور نشاستہ بھی چربی پیدا کرتے ہیں۔ اصل میں محض چکنائی مٹاپے کو نہیں بڑھاتی۔ مٹاپے کا زیادہ کھانے سے گہرا تعلق ہے۔ کچھ لوگ بدن میں چکنائی نہیں رکھ سکتے۔ اس میں ان کی کاٹھی اور گھر کی تربیت کا اثر بھی شامل ہوتا ہے ویسے مردوں کی نسبت عورتیں اپنے جسم میں چکنائی زیادہ آسانی سے جمع کر لیتی ہیں۔ خاص طور پر امیر گھرانوں کی عورتیں، جہاں اکثر مرغن کھانے بھی ہوتے ہیں اور جسمانی محنت بھی کم ہوتی ہے۔ جس کی وجہ سے یہ عورتیں غذا سے حاصل کی ہوئی طاقت کو خرچ نہیں کر سکتیں، اور یوں موٹی ہو جاتی ہیں۔

بہت تیزی سے دبلا ہونے کی کوشش میں صرف بدن کا پانی ہی سوکھتا ہے، چربی نہیں پگھلتی۔ بدن میں پانی کم ہو جانے سے عورتوں کو یہ غلط فہمی پیدا ہو جاتی ہے کہ ان کا وزن گھٹ گیا ہے۔ لیکن جب بھی یہ عورتیں نارمل غذا کھانا شروع کریں گی، بدن میں پانی فوراً واپس آ جائے گا اور ساری محنت اکارت جائے گی اگر فاقے کرنے والی عورتیں پانی کے دو گلاس پی کر اپنا وزن کریں تو وہ دیکھیں گی کہ ان کا وزن ایک پونڈ بڑھ گیا ہے، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ ... صرف پانی کی کمی تھی چربی کی نہیں۔

انسان کے جسم میں پانچ بڑے غدود ہیں۔ ان میں تھائی رائیڈ سب سے زیادہ اہم ہے۔ بعض دفعہ یہ غدود صحیح طور پر کام نہیں کرتا اور اس وجہ سے انسان موٹا ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ ایسی حالت میں ڈاکٹری مشورہ ضروری ہے اگر مٹاپا اس غدود کی خرابی کی وجہ سے ہے تو اس غدود کا علاج کرانا چاہئے۔ جن عورتوں کے بچے نہیں ہوتا وہ بھی اکثر موٹی ہو جاتی ہیں۔ پریشانی اور مایوسی بھی بعض اوقات مٹاپے کو بڑھاتی ہیں یہ ایک نفسیاتی نکتہ ہے کہ بعض عورتیں غصے کی حالت میں دسترخوان پر حملہ کرتی ہیں اور معمول سے تین گنا کھا جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ سماجی مصروفیات دعوتیں اور پارٹیاں بھی اس مرض کی ذمہ دار ہو سکتی ہیں۔ ۴۵ برس کی عمر کے لگ بھگ عورتوں کی ماہواری بند ہو جاتی ہے۔ اکثر عورتیں اس تبدیلی کے بعد موٹی ہو جاتی ہیں۔ کچھ مرد جب ماں باپ کا گھر چھوڑ دیتے ہیں اور اپنے پیروں پر کھڑے ہو جاتے ہیں تو بہت زیادہ صحت مند ہو جاتے ہیں زیادہ دولت مند ہونے سے بھی مٹاپے کا براہ راست تعلق ہے۔ اسی لئے ادبی اور سیاسی حلقوں میں سرمایہ دار کو "موٹے پیٹ والا" کہا جاتا ہے۔

شادی کے بعد اکثر عورتیں اپنے جسم کی دیکھ بھال چھوڑ بیٹھتی ہیں کہ اب کس کے لئے جسم کی حفاظت کریں۔ زندگی کا مقصد تو پورا ہو گیا، اب کسے دکھانا ہے۔ یہ بیچارے شوہر کے حق میں سراسر ظلم اور ناانصافی ہے کہ آپ صرف دوسروں کے لئے خود کو خوبصورت بنائے رکھیں۔

آخر میں ہم آپ کو سب سے اہم بات بتاتے ہیں اور وہ یہ ہے کہ غذا کو خوب چبا کر کھانا چاہئے۔ پہلے زمانے میں انسان صرف اپنی بھوک کو مٹانے کے لئے کھاتا تھا۔ لیکن آج کا انسان خوشی اور لذت کے لئے بھی کھاتا ہے صرف پیٹ بھرنے کے لئے نہیں۔ جب ہم کھانا کھاتے ہیں تو لعاب دہن بھی کھانے کے ساتھ شامل ہو جاتا ہے اور غذا کو ہضم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ اگر ہم جلدی جلدی کھائیں تو یہ لعاب دہن کھانے میں پوری طرح شامل نہیں ہوتا اور ہضم میں دشواری پیدا ہوتی ہے دوسری بات یہ ہے کہ کھانے کا تعلق معدے سے زیادہ دماغ سے ہے۔ مثلاً آپ کو رس گلے بہت پسند ہیں اور آپ رس گلوں کا پیالہ سامنے دیکھ کر بہت سارے رس گلے کھا جاتی ہیں پھر کہتی ہیں کہ پیٹ تو بھر گیا لیکن نیت نہیں بھری۔ یہ نیت دماغ میں ہوتی ہے۔ معدے سے اس کا براہ راست تعلق ہے۔ اگر آپ اپنا کھانا ۲۰ منٹ میں ختم کر دیتی ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے آپ کا پیٹ بھر گیا اور نیت بھی۔ کھانے کی مقدار کے علاوہ وقت کا تعلق بھی نیت کو ... کرنے ضروری ہے

آپ ایک ترکیب آزما کر دیکھیں۔ جتنا کھانا آپ بیس منٹ میں کھاتی ہیں اس سے تین چوتھائی یا آدھا کھانا کھانے میں بھی بیس منٹ صرف کیجئے۔ یہ اسی صورت میں ممکن ہے جب آپ ہر نوالے کو بہت دیر تک چبائیں۔ مونہہ میں تیس کے قریب دانت ہوتے ہیں، آپ ہر نوالے کو تیس دفعہ ضرور چبائیں پھر آہستہ آہستہ آپ کو خوب چبا کر کھانے کی عادت پڑ جائے گی اور وقت اتنا ہی صرف ہوگا جتنا اس سے دگنا کھانا کھانے میں خرچ ہوتا تھا۔ وقت اتنا ہی خرچ ہوگا جتنا پہلے ہوتا تھا تو نیت بھر جائے گی۔

معدے میں اگر غذا نہ ہو تو یہ ایسے غبارے کی مانند ہوتا ہے جس کی ہوا نکال دی گئی ہو، اور جب اس میں غذا پہنچتی ہے تو فوراً سخت ہو جاتا ہے اور بڑھنا شروع ہو جاتا ہے۔ معدے میں بہت لچک ہوتی ہے۔ یہ دو روٹیوں میں بھی بھر سکتا ہے اور دس روٹیوں میں بھی۔ یہاں عادت اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اگر آپ کو پانچ روٹیاں کھانے کی عادت ہے تو معدہ پانچ روٹیاں ہی مانگے گا۔ چار روٹیاں کھا کر بھی آپ اپنے آپ کو بھوکا محسوس کریں گی۔ اس وقت تک معدہ کچھ خالی خالی محسوس ہوگا۔ جب تک کہ اس کی مقررہ مقدار اس کو نہ مل جائے مگر یہ مقدار کس نے مقرر کی؟ خود آپ نے تو آپ ہی اسے گھٹا بھی سکتی ہیں۔ شروع شروع میں تھوڑا سا خالی پن محسوس ہوگا۔ لیکن اگر آپ کو چبا کر کھانے کا گر یاد رہا تو معدہ آسانی سے نئی مقدار قبول کرے گا۔ اس طرح کم کھانے سے آپ کا پیٹ بھی بھر جائے گا اور نیت بھی۔

یہ بات یاد رکھئے کہ جسم ذرا سی غذا بھی ضائع نہیں ہونے دیتا۔ جب آپ غذا کھاتی ہیں تو معدہ اس کو ہضم کرتا ہے، جگر اس کو طاقت میں بدل دیتا ہے اور جسم اس کی چربی بنا کر آپ کے پیٹ اور کولہوں پر چڑھا دیتا ہے۔ کیا اب بھی آپ کھانے میں احتیاط سے کام نہیں لیں گی؟

تین شعر

بھارت میں بیس سے زائد مسلمان شہید ڈیڑھ سو زخمی

دہلی میں کرفیو کی میعاد چوبیس گھنٹے بڑھا دی گئی

مزید فوج اور پولیس طلب کر لی گئی

[illegible]

شاہ حسین کو صدر فضل الٰہی کا پیغام تہنیت

[illegible]

مطالبات پورے ہونے تک ہڑتال جاری رہے گی اساتذہ کی ایسوسی ایشنوں کا اعلان

وفاقی حکومت کے اعلان کردہ پے سکیلوں پر عدم اطمینان کا اظہار

بارہ مئی سے ثانوی تعلیمی بورڈ کے امتحانی مراکز کے اساتذہ بھی ہڑتال میں شریک ہو جائیں گے

[illegible]

اقلیتوں کو علیحدہ نشستیں مل سکیں گی

[illegible]

دہلی کے فسادات میں شہید ہونے والے مسلمانوں کی تعداد ۲۳ ہو گئی

کرفیو کے باوجود صدر بازار کے علاقے میں زبردست کشیدگی ہے

[illegible]

فضائیہ کے کورٹ مارشل سے سزا پانے والے سات افسروں کو بحال کر دیا گیا

جبری ریٹائرمنٹ کے احکام ناجائز تھے، حکومت کا اعلان

باقی سات افسروں کی تعزیری ریٹائرمنٹ معمول کے مطابق قرار دینے کا فیصلہ

افسروں پر سرکاری اور دیگر اداروں میں ملازمت کی ممانعت بھی ختم کر دی گئی

راولپنڈی۔ [illegible]



لندن میں ۵ لاکھ رنگدار باشندے بھی رہتے ہیں

[illegible]

پاکستان کے مسلمان بھارتی مسلمانوں کے قتل عام کو برداشت نہیں کریں گے

چودھری ظہور الٰہی کی طرف سے دہلی میں مسلم کش فسادات پر تشویش کا اظہار

لاہور۔ [illegible]

وزیر اعظم بھٹو سے شیعہ رہنما کی ملاقات

[illegible]

پاکستان کو ۳۳ کروڑ روپیہ بھارت کو ادا کرنا ہوگا

بھارت نے یہ رقم جنگی قیدیوں پر خرچ کی تھی: سورن سنگھ


[illegible]



اندرا گاندھی کے دورۂ ایران سے پاکستان کے مفادات متاثر نہیں ہونگے

جنگ کی صورت میں ایران پاکستان کی بھرپور امداد کرے گا

خلیج فارس میں بڑی طاقتوں کی آویزش بڑھ جائے گی



اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ کو نہ روکا گیا تو چھوٹے ممالک ناقابل برداشت شکست کا شکار ہو جائیں گے

پاکستان کی خواہش ہے کہ بحر ہند امن کا خطہ بنا رہے: بی بی سی سے وزیر اعظم کا انٹرویو

لندن۔ [illegible]

پاکستان نے سری لنکا کو ہاکی میں ہرا دیا

[illegible]

پاکستان اور امریکہ کے سائنس دانوں کی مشترکہ ٹیم کا قیام

اسلام آباد ۔ مئی (پ پ) پاکستان کی وزارت سائنس و ٹیکنالوجی نے پاکستان اور امریکہ کی مشترکہ سات رکنی ٹیم تشکیل دی ہے جو فنی ماہرین پر مشتمل ہے۔ یہ سات رکنی ٹیم پاکستانی سائنس دانوں ...

بدنام سمگلروں کو ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت گرفتار کرنے کا فیصلہ

انسداد سمگلنگ کے لیے مزید سخت اقدامات کیے جائیں گے: خان قیوم


سمگلروں کی سرگرمیوں پر نظر رکھنے کے لیے مرکزی پر شل انٹیلی جنس سیل قائم کیا جائے گا

اعلیٰ سطح کے اجلاس میں پولیس فاؤنڈیشن قائم کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا

میں غیر معینہ مدت تک برسر اقتدار رہنا نہیں چاہتا۔ حکومت میں نہ رہا تب بھی عوام کی خدمت کرتا رہوں گا

کشمیر کا مسئلہ اصولی ہے اور ہم اس پر کوئی مفاہمت نہیں کر سکتے

حکومت ہر قسم کی تنقید برداشت کرنے کے لئے تیار ہے: پشاور میں استقبالیہ سے خطاب



پاکستان کا دورہ کرنے والے مصری فوجی وفد کے ارکان لاہور کی تاریخی بادشاہی مسجد میں ۔

حمود الرحمٰن کمیشن نے دوبارہ تحقیقات شروع کردی

جنرل نیازی اور بھارت سے آنے والے دیگر اہم فوجیوں کے بیانات قلمبند کیے جا رہے ہیں

روس اور لیبیا کے تعلقات بہت اچھے ہیں: قذافی

پیپلز پارٹی سے میرے اخلاق کی قرارداد پر ساٹھ میں سے صرف چار ووٹ مل سکے: مصطفیٰ کھر

حنیف رامے تلوار نیام سے نکال لیں مگر اسے چلائے گا کون؟

پنجاب کے مفاد کے خلاف کچھ کیا گیا تو میرا گروپ اس کی مخالفت کرے گا



حکمران طبقہ اپنے لئے کروڑوں روپے جمع کر چکا ہے

ملک کے مزید حصے بخرے کرنے کی سازش کی جا رہی ہے: اصغر خاں

پاکستان کو عالمی ادارہ محنت کی ایشیائی کمیٹی کا چیئرمین منتخب کر لیا گیا

عوامی لیگ نے بھارت کے ساتھ مل کر بنگالیوں کی آزادی کا سودا کر لیا ہے

بنگلہ دیش میں نظربند تمام افراد کو رہا کیا جائے: اے کیو شفیق الاسلام

کشمیری عوام کی جدوجہد سے ایک دن پوری وادی آزاد ہوجائیگی

پاکستان اور بھارت کے تعلقات معمول پر آنے میں کشمیری رکاوٹ نہیں بنیں گے: سردار قیوم

صوبہ سرحد کی موجودہ حکومت میں کوئی تبدیلی نہیں کی جائیگی

مالاکنڈ ڈویژن کے زمینداروں اور مزارعین کا مسئلہ انصاف کی بنیاد پر حل کرلیا گیا: اسلم خٹک

متحدہ محاذ نے فیصلہ کیا تو اپوزیشن کے تمام ارکان قومی اسمبلی سے مستعفی ہوجائینگے

صوبہ میں ملکی استحکام کے مخالف عناصر سرگرم عمل ہیں: مفتی محمود

مصطفیٰ کھر اپنی مرضی سے فرار ہوئے تھے، انہیں اغوا نہیں کیا گیا

وہ رات ۲ بجے میری کار میں بیٹھ کر مرالہ گئے تھے، تصور حسین کار چلا رہے تھے اور کھر پچھلی نشست پر رؤف خاں کے ساتھ بیٹھے تھے

کھر نے مجھے بتایا تھا کہ وہ سیالکوٹ جانا چاہتے ہیں

کار میں خرابی پیدا ہونے پر کھر نے کہا تھا کہ سارا منصوبہ ناکام ہوتا نظر آرہا ہے

تحقیقاتی مجسٹریٹ اسلم پاشا کی عدالت میں اسرار حسین شاہ کا حلفیہ بیان

SUBSCRIPTION FOR ONE YEAR $6.00

Send cheques to

The Crescent

P. O. Box 296, Station 'H'
Toronto, Ont. M4C 1L0
Canada

Telephone (416) 690-1590

NAME

ADDRESS

PHONE #



پاکستان سے جنگ کی صورت میں بھارت اور بعض دوسرے ممالک افغانستان کی مدد کریں گے: صدر داؤد

پختونستان کے مسئلہ کی موجودگی میں پاکستان سے تعلقات معمول پر آنا ناممکن ہے

وزیر اعظم بھٹو سے غیر مشروط بات چیت کے لیے ہر وقت تیار ہوں

ایران پاکستان کے خلاف بلوچوں کی حمایت کا اعلان کرکے ہی افغانستان کا دوست بن سکتا ہے

کالجوں اور یونیورسٹیوں کے اساتذہ کے قومی پے سکیلوں کی تفصیلات

صدائے پاکستان

"صحافت ایک بہت بڑی قوت ہے، جو فائدہ بھی پہنچا سکتی ہے اور نقصان بھی،
اگر یہ ٹھیک نہج پر ہو تو رائے عامہ کی رہنمائی بھی کر سکتی ہے"

زرِ بصیرت

خلفائے راشدینؓ


حضورؐ کے بعد حضورؐ کی امت میں سب سے بلند مرتبہ پہلے چاروں خلفائے راشدین کا ہے۔ ان کے بارہ میں آنحضورؐ کا ارشاد ہے کہ میری امت میں سے میری امت پر سب سے زیادہ رحم کرنے والے ابوبکرؓ ہیں اور میری امت میں امر الٰہی پر سب سے زیادہ سخت عمرؓ ہیں اور سب سے زیادہ حیادار عثمانؓ ہیں اور سب سے بہتر فیصلہ کرنے والے (قاضی) علیؓ ہیں۔

ان حضرات کی ساری زندگیاں اسلام کے لیے تھیں۔ وہ اپنی ذات کو اللہ تعالیٰ اور اللہ تعالیٰ کے رسولِ پاکؐ کی خوشنودی کے لیے وقف کر چکے تھے۔ نہ انہیں دولت کی خواہش تھی، نہ کسی دنیوی مرتبہ کی۔ تقویٰ ان کی دولت تھی اور قربِ رسولِ پاکؐ ان کا مرتبہ تھا۔ حضرت صدیق اکبرؓ امت پر اس قدر مہربان تھے کہ انہوں نے یہ فیصلہ دیا کہ زکوٰۃ سب کو ایک جیسی ملے گی ... ہیں ان کا اجر ان کے پروردگار کے ہاں ہے۔ حضرت عمرؓ نے امر الٰہی کو اس سختی سے اپنے بیٹے پر جاری کیا کہ سب حیرت زدہ رہ گئے۔ حضرت عثمانؓ کو ان کی حیا نے روکا کہ وہ اپنے لیے اُمت میں قتل و خونریزی کرائیں۔ حضرت علیؓ نے تا زندگی کے قول چلنے دیے۔ ... جب ابن ملجم کا قاتلانہ حملہ کے بعد حضرت حسنؓ کے بارہ میں دریافت کیا گیا کہ کیا انہیں آپ کا جانشین بنایا جائے تو آپ نے فرمایا کہ ... نہ میں تمہیں اس کا حکم دیتا ہوں، نہ اس سے روکتا ہوں! یعنی میرا بیٹا ہونا نہ اس کے حق میں ہونا چاہیئے نہ خلاف۔ فیصلہ اس کے اپنے کاموں اور صلاحیتوں پر ہونا چاہیئے۔

حضرت علیؓ پہلے ایمان لانے والوں میں سے ہیں۔ ہجرت، جہاد اور خندق، ہر تمام غزوات میں آپ کی خدمات جلیلہ ہیں۔ تقویٰ، شجاعت، فصاحت اور قضا میں آپ کا خاص مقام ہے۔ جمل اور صفین دونوں جنگوں میں آپ حق پر رہے۔ یہاں تک کہ آپ نے دونوں سے فیصلہ کرانا بھی منظور کر لیا۔ اسی فیصلہ کی پاداش میں آپ پر قاتلانہ حملہ کیا گیا اور آپ نے جام شہادت نوش فرمایا۔ آپؐ کے صاحبزادگان ـــ حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ بھی آپ کے نقش قدم پر چلے اور انہوں نے اسلام کے مفاد کے مقابلہ میں اور کسی چیز کی پروا نہ کی۔ حضرت حسنؓ نے عدہ پر بہتوں کے تیور دیکھ کر امیر معاویہ سے بیعت کر لی۔ حضرت حسینؓ کو فاریوں کا عندیہ معلوم ہوا تو انہوں نے اپنی جان شہید ... کر دی مگر حق کا اعلان ...

کا اتحاد قائم رہے، جو کہیں مثال ایسی ہے عرض اور ایثار کی؟ ...

آہ! وہ مردانِ حق، وہ عربی شہسوار
حاملِ خلقِ عظیم، صاحبِ صدق و یقیں
جن کی حکومت سے ہے فاش یہ رمزِ غریب
سلطنتِ اہلِ دل فقر ہے، شاہی نہیں!





تمہارے چہروں پہ تقدیس ہے شہیدوں کی
وہ محترم ہیں اسیرانِ کربلا کی طرح!
وہی ہو تم کہ ہو شیرانِ غابِ وقتِ وغا
کماں سے نکلے ہوئے تیر ہو قضا کی طرح
قدم قدم پہ تمہیں تھا یقیں شہادت کا
رواں دواں تھے جبھی جادۂ وفا کی طرح
عروسِ پاک کی خاطر اسیریاں بھی قبول
کہ کوئے یار بنا کوچۂ جفا کی طرح
دیارِ پاک کا فانوس تم سے روشن ہے
نفس نفس میں جلے شعلۂ نوا کی طرح
عدو نے غیرتِ شیرِ خدا کو للکارا
ہو بوترابؓ کے پردے میں خاکِ پا کی طرح
قسم ہے مجھ کو رسالت مآبؐ کی از سر
کھلے گا غنچۂ دل، صبحِ جانفزا کی طرح
دیارِ پاک کا جب آپ وہ نگہباں ہے
کرے گا کون نگہبانیاں خدا کی طرح
نمودِ بادِ بہاری سے کھل اٹھا ہے چمن
قدم ملا کے چلو ہمدمِ صبا کی طرح
مقامِ شکر رہائی ملی اسیروں کو
پلٹ کے آئے ہیں احرارِ باصفا کی طرح
تمہاری ذات ہے روشن نشانِ منزل ہے
سلام تم پہ ہو خضرِ خجستہ پا کی طرح

پاکستانی کمیونٹی
انتخابات [illegible]

ٹورانٹو کی پاکستانی کمیونٹی تو ہمیشہ جوش اور ولولے سے بھرپور رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب کبھی پاکستان پر آفتیں آئیں تو یہاں کے پاکستانی جوان مرد کمر بستہ ہو جاتے، مظاہروں سے حکومتوں کا علم دیتے پہنچ گئے۔ کبھی ہاتھ پھیلا کے چندہ جمع کرتے رہے اور کبھی گیت و ترانے گا کر وطن عزیز کے بے خانماں بھائیوں کے لیے ایک سہارا بن گئے۔ اور جب غاصب ملک کے حکمران یہاں آئے تو ان کے تشدد کے خلاف ہزاروں کی تعداد میں اکٹھے ہو کر مظاہرے کیے گئے۔ ایسے جری، حوصلہ مند، جوشیلے اور باہمت افراد میں ایک کمزوری تھی یعنی لیڈرشپ کا فقدان ـــ ویسے وقتاً فوقتاً یہاں پارٹیاں بنتی رہیں۔ اور کچھ نہ کچھ کام انجام دے کر ختم ہوتی رہیں۔ بعض لیڈر لوگ صرف نام و نمود کی خاطر ہی آگے آئے اور تفرقے کا باعث بنے۔ مگر پچھلے دنوں ٹورانٹو میں جمہوری طریقے کو ملحوظ رکھتے ہوئے پاکستانی کمیونٹی کے نئے انتخابات ہوئے تو ... سرد ہواؤں اور دھواں دار بارش کے باوجود لوگ جوق در جوق اپنا قیمتی ووٹ دینے کو جمع ہوئے۔ معین الدین صاحب کی سرپرستی میں ایڈہاک کمیٹی کے ارکان نے تنظیم اور ضبط کا بہترین مظاہرہ کیا۔ ان کے زیر اہتمام صبح گیارہ بجے سے لے کر شام کے سات بجے تک بڑی خوش اسلوبی کے ساتھ الیکشن کا سلسلہ چلتا رہا۔ لوگ قطاروں میں کھڑے ووٹ دیتے رہے اور بڑے صبر کے ساتھ نتائج کا انتظار کرتے رہے۔ رات کو ... گیارہ بجے کے بعد کمیونٹی کے پندرہ منتخب شدہ ڈائرکٹروں کے نام کا اعلان ہوا۔ اور اس طرح ہماری کمیونٹی نے اپنا فرض احسن طریقے پر ادا کر دیا۔

شمالی امریکہ میں صرف ٹورانٹو ہی کو یہ شرف حاصل ہے کہ یہاں سب سے زیادہ پاکستانی بستے ہیں۔ اس لیے یہ کہنا بے جا نہیں ہو گا کہ یہاں کے منتخب شدہ ڈائرکٹروں کی آواز ... [illegible]

[illegible]

[illegible]

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
ٹورونٹو کینیڈا

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

بھارت پاکستان کی ترقی وخوشحالی اور استحکام کو اپنے مفاد کے خلاف نہ سمجھے تو تعلقات معمول پر آنے میں

پاکستان نے بھارت کو بے پناہ روسی اسلحہ ملنے پر بھی شور نہیں مچایا

کوئی رکاوٹ نہ ہوگی



ہم افغانستان سے بات چیت کے لیے تیار ہیں، پیشکش کیوں قبول نہیں کی جاتی؟

پاکستان روس سے بھی دوستی چاہتا ہے، نیویارک ٹائمز کو وزیراعظم پاکستان کا انٹرویو



یوم تشکر پر بادشاہی مسجد میں پنجاب کے گورنر اور وزیراعلیٰ بھی عام لوگوں کے ساتھ دعائے شکرانہ میں شریک ہوئے

جنگی قیدیوں کی واپسی مکمل ہونے پر ملک بھر میں یوم تشکر منایا گیا

پاکستان میں عرب سرمایہ کاری کے امکانات بے حد روشن ہیں: وزیراعظم

اسلامی ملکوں کے وزراء خارجہ کا آئندہ اجلاس امدادی فنڈ قائم کرنے پر غور کریگا

مغربی ممالک بھی سرمایہ کاری کے سلسلے میں پاکستان سے تعصب نہ برتیں

تمام مساجد میں نماز شکرانہ ادا کی گئی

مسلح افواج کی طرف سے علامہ اقبال اور قائداعظم کے مزاروں پر پھول چڑھائے گئے



پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان براہ راست تجارت شروع ہوگئی

ملکہ عالیہ کے ہاں بچی کی پیدائش

تاجر لیٹر آف کریڈٹ کی بنیاد پر درآمد برآمد کرسکتے ہیں

لین دین صرف بین الاقوامی کرنسیوں میں ہوگا۔ ایران صنعت وتجارت میں پاکستان

ٹائمز آف انڈیا کی طرف سے پاکستان ٹیلی ویژن کی تعریف


پاکستان کنیڈین کمیونٹی انتخابات

ٹورانٹو (۱۸ مئی)۔ ٹورانٹو کے پاکستانیوں نے کالج آف ایجوکیشن آڈیٹوریم میں ہونے والے پاکستانی کمیونٹی کے انتخابات میں حصہ لیا۔ صبح ۱۱ بجے سے رات ۱۱ بجے تک پاکستان ایڈ ہاک کمیٹی کے زیر نگرانی یہ سلسلہ پورے نظم وضبط کے ساتھ چلتا رہا۔ اس موقع پر پاکستان ایمبیسی اوٹاوا کی جانب سے کونسلر جناب خالد حسن بھی تشریف فرما تھے۔ انتخابات میں ٹورانٹو کے ایک ہزار سے زائد پاکستانیوں نے ووٹ دیئے۔ جملہ چالیس امیدوار اس مقابلے میں شریک تھے۔ جن میں سے پندرہ افراد بطور ڈائرکٹر منتخب ہوئے۔ جن کے نام یہ ہیں:۔

عقیلہ شاہین۔ یعقوب اشرف خان۔ یوسف بیگ۔ محمود خان۔ ضیاء الدین میر۔ جمال انور جعفری۔ سلیم احمد فاروقی۔ مرزا مجید بیگ۔ قاسم حسن۔ وزیر علی خان۔ شمیم احمد شیخ۔ آصف علی خان۔ حامد رفیق خان۔ محمد شمیم اور اسلم مرزا۔

انتخابات کے نتائج کے اعلان کے فوراً بعد ڈائرکٹر صاحبان نے متفقہ طور پر محترمہ عقیلہ شاہین کو اپنا چیرمین منتخب کرلیا۔

FO
C
VOL.3,



Pa
ne
gu

UI
Akhun
dheim
t ons'
Securi
or atta

At a
ng his
with Mr.
quoted
as nolin
ed his
and ha
Indian A